
BAYER
نیٹیو
75 فیصد ڈبلیو جی
چمکدار آم کا راز
BAYER
نیٹیو
75 فیصد ڈبلیو جی
Net Weight: 65 gr
GROUP 11|3 FUNGICIDE

# چمکدار آم کا راز

## فوائد :

- آم چمکدار بنائے
- پھل زیادہ لائے ، پیداوار بڑھائے
- آم کی اہم بیماریوں کا ایک ساتھ خاتمہ

## طریقۂ اثر :

- اسپرے کے بعد پودوں میں سرائیت کر جاتا ہے یہ پودے کے ان حصوں میں بھی باآسانی پہنچ جاتا ہے جہاں اسپرے کی رسائی ممکن نہیں ہوتی
- اسپرے شدہ پودوں میں فوراً جذب ہو کر پھپھوندی کا مؤثر خاتمہ کرتا ہے اور اس کی افزائش کو روکتا ہے جس کی بدولت بیماری کا پھیلاؤ رُک جاتا ہے



مُنہ سڑی
(Anthracnose)



سفوفی پھپھوندی
(Powdery Mildew)

## سفارشات برائے استعمال

| فصل | بیماری | شرحِ استعمال | وقتِ استعمال | *پی ایچ آئی |
|---|---|---|---|---|
| آم | سفوفی پھپھوندی | 40 گرام<br>فی 100 لیٹر پانی | ترجیحاً بیماری کا حملہ<br>ہونے سے پہلے | 21 دِن |
| | منہ سڑی | 90 گرام<br>فی 100 لیٹر پانی | | |

*نوٹ: آخری اسپرے اور برداشت کے درمیان وقفہ

## طریقۂ استعمال:

سفارش کردہ مقدار کو فی 100 لیٹر پانی (جس کی پی ایچ 6 سے 7 ہو) میں ملا کر اسپرے کریں۔






# کِتابچہ موبائل ایپ

اب فصلوں کے مسائل اور ان کے حل کی معلومات آپ کی انگلیوں پر۔
بس اپنے موبائل سے بائر کِتابچہ (Kitabcha) ڈاؤن لوڈ کیجئے۔

## احتیاطی تدابیر برائے زرعی زہر

- پروڈکٹ پر دی گئی حفاظتی ہدایات اور استعمال کے طریقوں پر سختی سے عمل کریں۔
- زہر کو بچوں، پالتو جانوروں کی پہنچ، آگ اور کھانے پینے کی اشیاء سے دور ٹھنڈی جگہ پر تالے میں رکھیں۔
- زہر کے کام کے دوران حفاظتی لباس، دستانے، ماسک اور عینک استعمال کریں۔
- تیز ہوا میں اور ہوا کی مخالف سمت اسپرے نہ کریں۔ زہر کے محلول کو اسپرے مشین سے بہنے نہ دیں۔
- زہر اور اس کی پھوار سے آنکھوں، منہ کپڑوں کو بچائیں اور اسے سانس میں شامل نہ ہونے دیں۔
- اسپرے کے دوران کھانے پینے اور تمباکو نوشی سے پرہیز کریں۔ کھانے پینے اور تمباکو نوشی سے پہلے ہاتھ اور جسم دھو لیں۔
- زہر کے اسپرے اور کام کے فوراً بعد کپڑوں اور جوتوں کو تبدیل کر دیں۔
- اسپرے مشین، حفاظتی کپڑوں، دستانوں، ہاتھوں، آنکھوں اور جسم کو پانی اور صابن سے اچھی طرح دھولیں۔
- زہر کی خالی بوتلوں اور زہر کے خالی پیکٹ کو پانی سے اچھی طرح دھو کر زہر آلود پانی کو اسپرے مشین میں ڈالیں اور زہر کی خالی بوتلوں اور خالی پیکٹ کو زمین میں دفن کر کے ضائع کر دیں۔
- زہر اور زہر آلودہ پانی سے آبی ذخائر اور آبی گزرگاہوں کو خراب نہ کریں۔



**دستانے**

دستانے پہنیں تاکہ محلول آپ کی جلد میں جذب ہو کر نقصان نہ پہنچائے۔



**ماسک**

ماسک کا استعمال کریں تاکہ زہر سانس سے جسم میں داخل نہ ہو۔



**چشمہ**

آنکھوں کی حفاظت کے لیے چشمے کا استعمال کریں۔




**بائر پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ**

ہیڈ آفس: پلاٹ نمبر 23، سیکٹر 22، کورنگی انڈسٹریل ایریا، کراچی 74900

یو اے این: 111-000-227، فیکس: 35060638


02/21

